© rasailojaraid.com



جنابِ طالب ہاشمی

# تعارف و تبصرہ کتب



اکرام اللہ ساجد کیلانی

کتاب الاذان

مؤلفہ . . . مولانا عبدالقادر عارف حصاری

ضخامت . . . ۳۷۶ صفحات

کاغذ کتابت ، طباعت عمدہ

قیمت . . . . سات روپے پچاس پیسے

ناشر . . . . مکتبہ دارالحدیث، منڈی راجووال ضلع ساہیوال

مکتبہ دارالحدیث، راجووال ضلع ساہیوال نے کچھ عرصہ سے نہایت بلندپایہ دینی کتابوں کی اشاعت کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے ۔ زیرِ نظر کتاب اس مکتبہ کا تازہ ترین اشاعتی کارنامہ ہے ۔ کتاب کے مصنف مشہور عالمِ دین مولانا عبدالقادر عارف حصاری ہیں ۔ انہوں نے اس کتاب میں اذان کے بارے میں تمام روایات اور مسائل بڑی تحقیق اور تفحص کے ساتھ جمع کر دیئے ہیں ۔ مختلف عنوانات کی تعداد ڈھائی سو کے لگ بھگ ہے ان میں سے کچھ حسبِ ذیل ہیں ؛

اذان کے لغوی اور اصطلاحی معنیٰ ، اذان کی اقسام ، اذان کے فضائل ، اذان کی عظمت ، مؤذن کی اہلیت اور اس کے آداب ۔ اول وقت اور آخر وقت اذان ، جمعہ کی اذان ، اذانِ سحری ، اذان سننے ہی کیا کہے ؛ اذان پر ٹھٹھا مخول حرام ہے ، غیر مشروع اذانیں ۔ وغیرہ وغیرہ ۔

ان عنوانات سے کتاب کی افادیت کا بخوبی اندازہ کیا جاسکتا ہے ، کتاب کی ترتیب و تدوین میں فاضل مؤلف نے جس عرقریزی سے کام لیا ہے اس پر وہ بجا طور پر تحسین و ستائش کے مستحق ہیں ۔ فی الحقیقت انہوں نے اپنے موضوع کا حق ادا کر دیا ہے ۔ ہر بات دلیل کے ساتھ اور عام فہم پیرائے میں بیان کی ہے ۔ صرف ایک بات کھٹکتی ہے کہ عربی عبارات پر اعراب نہیں لگائے گئے ۔ اگر ایسا کر دیا جاتا تو کم علمی استعداد ( بقیہ بر صفحہ ۲۶ )

© rasailojaraid.com